قرآن کریم کے اولین لاطینی، فرانسیسی اور انگریزی تراجم

First Latin, French and English translations of the Holy Qur'ān

Dr. Muhammad Sultan Shah
Dr. Hafiz Khurshed Ahmed Qadri

Abstract:

The Holy Qur'an has been translated by many scholars, both Muslim and orientalist. Latin was the first western language into which the Holy Qur'an was translated. In 1143, an Englisman, Robert of Ketton, completed his Latin translation of the Muslim scripture which was published in 1543 by Theodore Buchmann of Basel. Andre du Ryer rendered the Holy Qur'an into French and published it in 1647. Alexander Ross was the first to translate it into English. His translation, published in 1649, was based on du Ryer's French translation. This article introduces the earliest renderings of the Holy Qur'an in three Western languages-Latin, French and English. These translations have been analysed and some of the lacunae have been emphasized.

Key words*: The Holy Qur'ān, Translations, Lacunae, Orientalists.*

خلاصہ

قرآن کریم کا بہت سے مسلمان اور مستشرق علماء نے ترجمہ کیا ہے۔ لاطینی پہلی مغربی زبان ہے جس میں قرآن کریم کا ترجمہ کیا گیا۔ کیٹن سے تعلق رکھنے والے ایک انگریز رابرٹ (Robert of Ketton) نے مسلمانوں کے صحیفۂ آسمانی کا لاطینی زبان میں ترجمہ 1143ء میں مکمل کرلیا، جسے باسل کے تھیوڈور بچ مین (Theodore Buchmann of Basel) نے 1543ء میں شائع کیا۔ آندرے دوغیے (Andre du Ryer) نے قرآن کریم کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کرکے 1647ء میں شائع کیا۔ انگریزی زبان میں قرآن کریم کا پہلا مترجم الیگزینڈر راس (Alexander Ross) تھا۔ اس کا ترجمۂ قرآن کریم جو 1649ء میں شائع ہوا، اس کی بنیاد دوغیے کے فرانسیسی ترجمۂ قرآن پر تھی۔ یہ مقالہ تین مغربی زبانوں لاطینی، فرانسیسی اور انگریزی کے اولین تراجمِ قرآن کریم کے تعارف پر مشتمل ہے۔ محولہ بالا تینوں تراجم کا تجزیہ کرکے کچھ تسامحات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

کلیدی کلمات: قرآن کریم، تراجم، تسامحات، مستشرقین۔

یہ صلیبی جنگیں تھیں جنہوں نے پہلی مرتبہ مغرب کا اسلام سے تعارف کرایا۔ لیکن 1096ء سے 1270ء تک قریباً دو صدیوں کے درمیان ہم مسلمانوں کی مقدس کتاب کو یورپ سے متعارف کرانے کی صرف ایک کوشش بارے سنتے ہیں۔ یعنی قرآن کریم کا لاطینی ترجمہ۔[1] ہوسکتا ہے کہ یورپی لوگوں کے قرآن کریم کے ساتھ علمی تعلق کا آغاز بارھویں صدی کے دوسرے ربع (1142-43) میں پیٹر دا وینیریبل(1156-1090/94ء Peter the Venerable,)ایبٹ آف کلگنی (Abbot of Clugny) کے دورۂ طلیطہ (Toledo) سے ہوا ہو۔ اس نے علمی انداز میں اسلام کا جائزہ لینے کے ارادے سے علماء کی ایک جماعت جمع کرلی۔ اسی کوشش کے ایک حصے کے طور پر ایک انگریز رابرٹ آف کیٹن____ جس کا نام اکثر بگاڑ کر رابرٹس کیٹی نینسس (Robertus Ketenensis) لکھا جاتا ہے____ نے قرآن کریم کا لاطینی زبان میں ترجمہ جولائی 1143ء میں مکمل کیا۔[2] یہ ترجمۂ قرآن قریباً چار صدیوں تک مسودے کی صورت میں پڑا رہا۔ بارہویں صدی عیسوی کے وسط میں رابرٹ آف کیٹن کا ترجمۂ قرآن مشہور اوپورینو پریس (Oporino Press) سے طبع ہو کر 1543ء میں باسل (Basel) سے شائع ہوا۔ اسے تھیوڈور بچ مین (Theodore Buchmann) نے مرتب کیا جو زیورچ (Zurich) کا ایک عالمِ دینیات تھا۔ علمی دنیا میں یہ اپنے لاطینیت زدہ (Latinised) نام ببلی اینڈر (Bibliander) سے جانا جاتا ہے۔ ایک طویل عنوان سے لدی ہوئی کتاب میں ببلی اینڈر کا لکھا ہوا اعتذار بھی ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے دوسرے متون اور طباعتیں بھی اس کا حصہ تھیں۔[3]

رابرٹ انگلستان کے گاؤں کیٹن کا باسی تھا۔ بنیادی طور پر اس کی دل چسپی فلکیات اور علمِ ہندسہ میں تھی۔ اُس نے مسلمان سائنس دانوں اور فلسفیوں کی الکیمیا، الجبرا، علمِ ہندسہ اور فلکیات پر کتب کا لاطینی زبان میں اس دوران ترجمہ کیا[4] جب کہ وہ ببلونہ (PAMPLONA) میں بشپ اور کے تطیلہ (TUDELA) (الحکم کا قائم کردہ شہر) کے بڑے گرجے کا رکن تھا۔[5]

یہ بات دل چسپی سے خالی نہیں ہوگی کہ ایک مسلمان جس کا نام صرف 'محمدؐ' بتایا گیا، نے پیٹر داونیرابل *(Peter the Venerable)* کے لیے ترجمۂ قرآن کریم میں حصہ لیا۔ چونکہ اس مسلمان سے متعلق معلومات نہ ہونے کے برابر ہیں، اس لیے یہ فرض کیا جاسکتا ہے کہ اسے ہسپانیہ میں ترجمۂ قرآن کریم کے کام میں معاونت کے لیے راضی کیا گیا۔ پیٹر داونیرابل نے بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے کہ اس بات کو یقینی بنانا اس کے فرائض میں شامل تھا کہ ترجمۂ قرآن میں اس کے متن کے ساتھ وفاداری کے عنصر میں ذرا بھی کمی نہ آنے پائے اور نہ ہی دھوکہ دہی کی نیت سے اس میں سے کچھ چھوڑ دیا جائے۔ اس طویل اور خاص علمی کام کی منصوبہ بندی اور مالی سرپرستی کے حوالے سے بلکہ ہسپانیہ میں بارہویں صدی عیسوی کی ترجمہ نگاری کی سرگرمیوں کے زیادہ وسیع تناظر میں بھی اعتماد کی یہ صورت حال تعجب

انگیز ہے۔ اس مسلمان [محمد] کی ذمہ داری بس اتنی معلوم ہوتی ہے کہ وہ دوسرے مترجمین کی عربی الفاظ کے درست معانی تک رہنمائی کرے اور اسی طرح عمومی طور پر اسلامی عقائد سے آگاہ کرے۔[6]

کیٹن کے رابرٹ نے ترجمۂ قرآن کریم پر اپنے مقدمے میں اشارہ کیا ہے کہ اس سلسلے میں اسے اچھی خاصی دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ قرآنی متن کے ساتھ جو بے جا بے تکلفی برتنے کی کوششیں کی گئیں، ان میں سے ایک یہ کہ اس نے قرآنی سورتوں کو اپنے انداز میں تقسیم کر دیا۔ اس تقسیم کا آغاز اس نے سورۃ البقرہ کو تین اجزاء میں تقسیم کر کے کیا۔ قرآنی سورتوں کی مزید تقسیم کا یہ عمل اس نے جہاں ضروری سمجھا، جاری رکھا۔ اس طرح اس نے سُورتوں کی روایتی تعداد ۱۱۴ میں نو سُورتوں کا اضافہ کر دیا۔ قرآن کریم کے اسلوب اور مشمولات کے حوالے سے کہیں کہیں آنے والے اس کے چوٹ دار تبصروں کی بنیاد پر یہ خیال کیا جاسکتا تھا کہ پیٹر دا وینیر ایبل نے مسلمانوں میں قرآن کریم کے مقام و مرتبہ سے متعلق غلط اندازہ لگایا لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ اس بات سے پوری طرح آگاہ تھا کہ قران کریم ایک منفرد اور اسلام کے ماننے والوں کے لیے خدا کی طرف سے نازل کردہ کلام ہے۔[7]

اس نے اپنے زعم باطل کے مطابق اپنے ترجمۂ قرآن کا درج ذیل عنوان منتخب کیا:

"Lex Mahumet Pseudoprophete (The Law of Mahomet the pseudo-Prophet) and it survives in seven Medieval manuscripts, one of them fragmentary."[8]

"نعوذ باللہ) جھوٹے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا قانون۔ یہ ہاتھ سے لکھے ہوئے سات نسخوں کی صورت میں باقی رہا۔ اُن میں سے ایک جزوی (نسخہ) تھا۔"

اس ترجمۂ قرآن کریم اور اس کے عنوان پر بہت سے مستشرقین نے تنقید کی ہے۔ جارج سیل جس نے قرآن کریم کا براہِ راست عربی سے انگریزی میں ترجمہ کیا، وہ اس سے متعلق کہتا ہے:

"اس کتاب کا جو لاطینی ترجمہ ببلی اینڈر نے شائع کیا، ترجمہ کہلانے کا مستحق نہیں، اس میں غیر ذمہ دارانہ بے تکلفی برتنے کی کوشش کی گئی، حروف و الفاظ کو نظر انداز کرنا اور اپنی طرف سے الفاظ شامل کرنا، دونوں طرح کی بے شمار غلطیاں ہیں۔ جس سے اصل اور ترجمے میں بہت کم مشابہت باقی رہ جاتی ہے۔"[9]

ڈینیئل ویرسکو (Daniel Varisco) کے مطابق رابرٹ آف کیٹن ہمیشہ اس بات کا ذمہ دار رہا ہے کہ وہ ایک بے ضرر متن کو زیادہ تیز کر دے، یا مبالغہ کر کے اسے ایک ناگوار غیر اخلاقی رنگ دے دے، یا کسی معنی کی ایک ناممکن یا ناخوشگوار وضاحت کو قرین قیاس بلکہ روایتی یا معتبر مان لے۔[10] ہیڈرین ریلینڈ (Hadrian Reland) نے اپنی کتاب De Religions Mohammedica میں شکایت کی ہے کہ "یہ قرآن کریم کا بدترین لاطینی ترجمہ تھا۔"[11] ڈینیئل مارٹن وریسکو کے مطابق "(قرآن کریم کا) لاطینی ترجمہ اغلاط اور بے ربطی

سے معمور ہے۔"[12] بوبزن (Bobzin) نے اسے "لاطینی زبان میں قرآن کریم کی بہت زیادہ نادرست ترجمانی قرار دیا۔[13] اور اسے ترجمہ کے بجائے ترجمانی ہونے کی وجہ سے بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ بہر حال یہ نتیجہ اخذ کرنا بھی ناانصافی پر مبنی ہوگا کہ اس کی کتاب "Lex Mahumet" چونکہ ایک ترجمہ نہیں ترجمانی ہے، اس لیے یہ ایک خراب ترجمہ ہے[14]۔ اشاعتی عمل نے اس کی اغلاط میں مزید اضافہ کر دیا۔ ہیری کلارک (Harry Clark) نے نشان دہی کی ہے کہ رابرٹ آف کیٹن کے ترجمۂ قرآن کا جو مسودہ ببلی اینڈر نے اشاعت کے لیے استعمال کیا وہ "تبدیلی و تحریف کی وجہ سے ایک مسخ شدہ" مسودہ بن گیا تھا۔ حالانکہ وہ عربی لکھ پڑھ سکتا تھا، اس کے باوجود اس ترجمۂ قرآن کا دوبارہ گہری نظر سے جائزہ نہیں لیا گیا۔[15]

رابرٹ آف کیٹن نے قدیم قرآنی تفاسیر پر انحصار کیا اور اپنے ترجمۂ قرآن کریم میں بہت سا مواد عربی تفسیری روایات سے شامل کیا۔[16] ہو سکتا ہے کہ اس نے مشکل الفاظ کے معانی جاننے کے لیے عربی لغات استعمال کی ہوں لیکن اس نے نہ صرف شاذ الفاظ بلکہ مشکل محاورات کو سمجھنے اور ترجمہ کرنے کے لیے تفاسیر پر زیادہ انحصار کیا۔[17]

اس کے اندر پائی جانے والی خامیوں کے باوجود کسی بھی مغربی زبان میں قرآن کریم کے پہلے ترجمے کے طور پر اسے یاد رکھا جائے گا۔ کچھ مغربی علماء اسے صحیفۂ مسلم کے عربی کے علاوہ کسی بھی زبان میں پہلے ترجمے کے طور پر قبول کرتے ہیں۔ جیمز کرٹزیک (James Kritzeck) کہتا ہے کہ رابرٹ آف کیٹن کے ترجمۂ قرآن کریم کو روایتی طور پر کسی بھی زبان میں پہلا مکمل ترجمہ مانا جاتا ہے۔[18] لیکن قرآن کریم کا پہلا فارسی ترجمہ سامانی بادشاہ ابو صالح منصور ابن نوح (348-364ھ/ 961-976ء) [19] کے دور میں ہوا، جو لاطینی ترجمہ سے ۱۵۰ برس پہلے کا زمانہ بنتا ہے۔ اس طرح لاطینی ترجمۂ قرآن کو صرف کسی مغربی زبان میں پہلا ترجمہ ماننا چاہیے۔ اس لاطینی ترجمے کو بعد ازاں اینڈریا ایری ویبینے (Andrea Arrivabene) نے اطالوی زبان میں ڈھالا اور یہ 1547ء میں وینس (Venice) سے شائع ہوا۔ یہ اطالوی زبان میں قرآن کریم کا پہلا ترجمہ تھا۔[20] جے۔ ڈی۔ پیئرسن (J.D. Pearson) کے مطابق قرآن کریم کا ایک ولندیزی ترجمہ 1658ء میں گلیز میکر (Glazemaker) نے شائع کیا اور جرمن ترجمۂ قرآن کریم لینگ (Lange) نے 1688ء میں طبع کیا۔[21] اس نے پوسٹ نکوف (Postnikov) اور ویریوکن (Veryokin) کے کیے ہوئے روسی ترجمۂ قرآن کا ذکر بھی کیا ہے۔[22]

کسی بھی یورپی زبان میں قرآن کریم کا پہلا ترجمہ منفی سوچ (Agenda) کے تحت کیا گیا تھا۔ برمین (Burman) کا خیال ہے کہ پیٹر دا وینیر لیبل (1092/94-1156) نے رابرٹ آف کیٹن پر زور دیا کہ وہ مترجمین کی اس جماعت میں شامل ہو جائے جو قرآن کریم اور دوسری عربی کتب کے لاطینی ترجمے کے لیے بنائی گئی ہے تاکہ وہ لاطینی بولنے والے ان عیسائیوں کے لیے مفید ثابت ہوں جو مسلمانوں کو عیسائی بنانے کی کوشش کریں۔[23]

رابرٹ آف کیٹن کے لاطینی ترجمۂ قرآن کریم کی تکمیل سے تین نسلوں بعد 1210ء یا 1211ء میں، طلیطہ کے مارک (Mark of Toledo) جو تخمیناً 1193-1216 میں حیات تھا، کو بھی اسی طرح ترغیب دی گئی کہ وہ ایک طاقت ور سرپرست کی خاطر قرآن کریم کا لاطینی ترجمہ کرنے کے لیے سائنسی مطالعے کو ایک طرف رکھ دے۔ وہ آئیبیریا (Iberia) کا رہنے والا تھا۔ غالباً اس نے عربی زبان صحرائے عرب میں پرورش پاکر سیکھی۔ اس کی زیادہ شہرت طبّی کتب کے تراجم کے حوالے سے ہے۔ یہ طلیطہ کے طاقت ور آرچ بشپ (سب سے بڑا پادری) روڈرنگو جم اینز ڈی راڈا (Rodringo Jimenez de Rada - 1247-1208) اور اس کے ساتھ آرچ ڈیکن (بڑے پادری کا نائب) ماریشیس (Mauricius) تھے جنہوں نے طلیطہ کے مارک کو ترغیب دی کہ وہ نئے ترجمے پر کام کرے۔ یہ لاس نواس ڈی ٹولوسا (Las Navas de Talosa) کی اس فوجی اور علمی تحریک سے پہلے تیاریوں کا حصہ تھا جس میں ہسپانیہ کی عیسائی سلطنتوں نے الموحد کی فوج کو تباہ کردیا اور آنے والے چار عشروں میں عیسائی فتوحات کے لیے ماحول (Stage) فراہم کردیا۔[24]

طلیطہ کے مارک کا لاطینی ترجمۂ قرآن[25] "Liber Alchorani" یعنی ''کتاب قرآن مجید'' کہلاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یورپ میں اس (قرآن) کی اشاعت اسلام کے خلاف تعصب کو ظاہر کرنے والے کسی عنوان سے نہیں بلکہ اس کے درست عربی نام سے ہوئی۔[26] اس نے قرآن کریم کے عربی متن کی روایتی تقسیم کو برقرار رکھا اور سورتوں کے مشہور ناموں کو بھی تبدیل نہیں کیا۔[27] اس نے بڑی احتیاط سے قرآن کریم کے الفاظ کی ترکیب نحوی کے حوالے سے ___ عام طور پر ___ لفظی ترجمہ کرتے ہوئے پیروی کی۔ اس کا معنی یہ ہوا کہ اس کے ترجمے کو قرآنی عربی سامنے رکھتے ہوئے آسانی سے پڑھا جاسکتا ہے۔[28] ڈی الوَرْنے (d'Alverny) کے مطابق رابرٹ آف کیٹن کے اپنے لیکن تباہ کن ترجمۂ قرآن کی نسبت طلیطہ کے مارک کا ترجمۂ قرآن کریم کہیں زیادہ درست تھا کیونکہ اس نے قرآن کریم کا ترجمہ اسی طرح کیا جس طرح اس نے اور دوسرے مترجمین نے عربی کی سائنسی کتب کا ترجمہ کیا تھا۔ اس کا لاطینی ترجمۂ قرآن عربی الفاظ کی نحوی ترکیب سے جڑا رہتا ہے۔ یہ پوری طرح لفظی اور صحیفۂ مسلم کا قابل اعتبار ترجمہ ہے۔[29]

سر تھامس ایڈمز (Thomas Adams) نے 1632ء میں کیمبرج یونیورسٹی میں ''عربی چیئر'' قائم کی۔ آرچ بشپ لاؤڈ نے 1636ء میں اس کے برعکس آکسفورڈ یونیورسٹی کے اندر ''عربی چیئر'' کی سرپرستی کی۔ اُس نئے دور کا پہلا اہم عربی دان ولیم بیڈویل (William Bedwell) تھا۔ اس نے اُس وقت کی عربی زبان سے متعلق یوں لکھا: مذہبی تعلیمات کی واحد زبان جو فارچونیٹ جزائر (Fortunate Isles) سے لے کر چین کے سمندروں تک سفارت کاری اور تجارت کے لیے سب سے بڑی زبان ہے۔30 آربیری کے مطابق اس نے قرآن کریم کا

سب سے پہلا ترجمہ پیش کیا۔31 لیکن اس کا سوانح نگار، ہیملٹن، بیڈویل کے لکھے کسی مکمل یا نامکمل ترجمہِ قرآن کریم کا ذکر نہیں کرتا۔ بیڈویل (1563-1632ء) نے دراصل 1615ء میں اپنی کتاب "Mohammedis imposturae" [نعوذ باللہ] "محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا دھوکا" شائع کی اور 1624ء میں اسی کتاب کو "Mahomet Unmasked" "محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا اصل چہرہ" کے نئے عنوان سے دوبارہ پیش کیا گیا۔ دونوں اشاعتوں کے عنوانات بیڈویل کے خبث باطن کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس نے کتاب کے عنوان کی وضاحت ان الفاظ میں کی ہے:

"A Discovery of the Manifold Forgeries, Falsehood, and Horrible Impieties of the Blasphemous Seducer."[32]

"[نعوذ باللہ] ایک کثیر الجہات جعل سازی، دروغ گوئی، اور مذہب کی بے حرمتی کرنے والے دھوکے باز کی ہولناک بدچلنیوں کی دریافت۔"

عنوان میں یہ الفاظ بھی شامل ہیں:

"*The Cursed Alcoran*" [نعوذ باللہ] قابل نفرین قرآن

یہ درحقیقت مکہ سے واپس آنے والے (بھیس بدل کر روپ دھارنے والے) دو مسلمانوں کے درمیان اسلام مخالف گفتگو کا انگریزی ترجمہ ہے۔ اس میں *The Arabian Trudgman* "عربی پیادہ" اور "*Index Assuratarum Muhammedici Alcorani*" بھی شامل ہیں۔ اس میں چونکہ صرف قرآنی سورتوں کا ایک اشاریہ *(Index)* ہے۔ اس لیے اسے مسلم صحیفہ کا ایک نامکمل یا جذوی ترجمہ کہا گیا۔

قرآن کریم کے منتخبات، پہلی مرتبہ اس کا انگریزی ترجمہ مطبوعہ 1515ء اس طرح سامنے آیا:

"Here Begynneth a Lytell Treatyse of the Turkes Lawe Called Alcoran. And also it speketh of Machamet the Nygromancer." Printed by Wynken de Worde. 33

"یہاں ترکوں کے قانون سے متعلق ایک چھوٹے علمی مقالے کا آغاز ہوتا ہے جسے القرآن کہا جاتا ہے۔ یہ حبشیوں کے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے متعلق بھی بات کرتا ہے۔ اسے وینکن ڈی ورڈے *(Wynken de Worde)* نے شائع کیا۔"

اکمل الدین احسان اوغلو کہتے ہیں کہ ۶۱ صفحات پر مشتمل یہ ترجمہ اور تعارف اس بات کی طرف ایک اشارہ ہے کہ انگلستان کے اندر اسلامی عقائد اور تعلیمات سے دل چسپی گو محدود تھی بہت سے یورپی ممالک سے پہلے شروع ہوئی۔[34]

سر ہینری سپیل مین (Sir Henry Spelman) کیمبرج یونیورسٹی میں عربی کا پروفیسر تھا۔ اس نے انگریزی زبان میں قرآن کریم کی تردید کا ارادہ کیا۔35 کیمبرج یونیورسٹی میں اس نے پرانی انگریزی زبان کے مطالعے

(Anglo-Saxon Studies) کے لیے 1639ء یا 1640ء میں ایک چیئر قائم کی اور اس کی مالی مدد کی۔ نیا تخلیق شدہ منصب ابراہام ویلوک (Abraham Wheloc or Wheelock) کو دیا گیا جو یونیورسٹی میں عربی زبان کا پروفیسر تھا۔36

لاطینی ترجموں کے بعد آندرے دوغیے *(Ca 1660-1580)* نے قرآن کریم کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا جو 1647ء میں شائع ہوا۔ آندرے دوغیے نے عربی اور ترکی زبانیں مصر سے 1620ء کے عشرے کے ابتدائی حصے میں سیکھیں۔ جہاں وہ مشرقی بحیرۂ روم کے علاقے میں فرانسیسی تاجروں کے لیے نمائندہ افسر کے طور پر خدمات انجام دیتا تھا۔ فرانسیسی سفیر کی معیت میں وہ 1631ء میں استنبول پہنچا۔ جہاں انہوں نے مشرقی مخطوطات اور نوادرات کو اپنے *Cabinets of Wonder* "عجائبات کی الماریاں" کے لیے جمع کرنا شروع کر دیا لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ یورپی لوگوں کی طرف سے اس طرح کی جستجو سیاسی مقاصد سے مُبرّا نہیں ہو سکتی۔[37]

دوغیے کافی حد تک ان مخطوطات سے متاثر تھا جو اس نے شیخ سعدی کی "گلستان" کا ترجمہ شائع کرنے کے لیے 1634ء میں جمع کیے۔ اس طرح اس نے ایک رجحان کا آغاز کیا جو یون صدی بعد الف لیلۃ و لیلۃ کے فرانسیسی ترجمے میں حد کمال کو پہنچا۔ ایک مترجم کے طور پر دوغیے کی شہرت کی وجہ 1647ء میں کیا گیا قرآن کریم کا فرانسیسی زبان میں جرأت مندانہ ترجمہ ہے۔ نہ تو ناشر اور نہ ہی شہری انتظامیہ اس بات کے حق میں تھے کہ قرآن کریم کو مقامی زبان میں شائع کیا جائے۔ جیسا کہ ہیملٹن *(Hamilton)* اور رچرڈ *(Richard)* نے وضاحت کی ہے کہ دوغیے کو خطرہ تھا کہ اس کے ترجمۂ قرآن کا اچھا استقبال نہیں ہوگا۔ اس لیے اس نے اپنے مقدمے میں اسلام مخالف سخت کلامی کو شامل کیا۔ اس کی دل چسپی زبان کی خوب صورتی اور بیان کی صحت پر نہیں بلکہ اس بات میں تھی کہ اس کا ترجمۂ قرآن فرانسیسی قارئین کے لیے قابل قبول بن جائے۔ دوغیے نے ترجمۂ قرآن میں بہت سی غلطیاں کیں اور اس نے اپنے ترجمۂ قرآن میں سورتوں اور آیات کی تقسیم کو ملحوظ نہیں رکھا۔ تاہم مطالعۂ مشرق کی تاریخ میں یورپ کے اندر پہلی مرتبہ قرآن کریم کا ترجمہ اور وضاحت مسلمان مفسرین کی تحریروں کے حوالے سے کی گئی اور دوغیے کا کارنامہ اتنا اصلی تھا (اور غیر متوقع طور پر مقبول) کہ یورپی زبانوں میں بعد ازاں ہونے والے بہت سے تراجم قرآن کا اسی پر انحصار رہا۔[38]

دوغیے کا عظیم ترین کارنامہ 1647ء میں شائع ہونے والا اس کا فرانسیسی ترجمۂ قرآن کریم ہے۔ یہ مقامی زبان میں اشاعت پذیر ہونے والا پہلا مکمل ترجمۂ قرآن تھا جو دوسری یورپی زبانوں میں ترجمہ کے لیے نمونہ بنا۔ اس کا مقدمہ ناگوار ہے اور وہ اسلام کے خلاف یورپی تعصّبات کو اپنے "*Summary of the Religion*" (خلاصۂ مذہب)

میں بڑے مان سے بیان کرتا ہے۔ لیکن یہ طریقے اپنی حقیقی ہمدردیوں کو چھپانے کے لیے استعمال کئے گئے اور یہ ترجمہ متنِ قرآن کے کافی قریب معلوم ہوتا ہے۔[39]

احمد گنّے (Ahmad Gunny) کے مطابق دوغیے کی نسبت کلاڈ سیواری (Claude Savary) 1738ء میں شائع ہونے والے اپنے ترجمۂ قرآن کے مقدمے میں کم انصاف پسند تھا۔[40] شیخ الشباب عمر کی رائے ہے کہ دوغیے نے "کسی بھی قدیم ترجمۂ قرآن کریم جیسا کہ رابرٹ آف کیٹن کا 1143ء میں ہونے والا لاطینی ترجمۂ قرآن، 1547ء میں شائع ہونے والا ایری وبینے (Arrivabene) کا اطالوی ترجمۂ قرآن، 1623ء میں شائع ہونے والا شویگر (Schweigger) کا المانوی ترجمۂ قرآن سے رہنمائی حاصل کئے بغیر اپنا متن تخلیق کیا۔[41]

کینتھ سیٹن (Kenneth Setton) کہتا ہے: "یہ مقامی زبان میں پہلا ترجمۂ قرآن تھا جسے زیادہ تر یورپی لوگ پڑھ سکے۔[42] جارج سیل نے دوغیے کے ترجمۂ قرآن کو "ایک بہت خراب ترجمۂ قرآن[43] (A very bad one)" قرار دیا۔ دو سال بعد الیگزینڈر راس (Alexander Ross) نے اس فرانسیسی ترجمۂ قرآن کو انگریزی زبان میں ڈھالا۔ بدقسمتی سے وہ عربی بالکل نہیں جانتا تھا اور فرانسیسی زبان میں اس کی مہارت میں بہت سا خلاء تھا۔ اسی لیے یہ ترجمۂ قرآن اغلاط سے معمور ہے اور بعض مقامات پر یہ حقیقی معنی سے بالکل مختلف مفہوم ادا کرتا ہے۔

کچھ علماء غلطی سے دعویٰ کرتے ہیں کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ قرآن کریم کے پہلے فرانسیسی مترجم تھے۔[44] اور چارلس جے۔ ایڈمز (Charles J. Adams) بیان کرتا ہے کہ "سب سے پہلا فرانسیسی ترجمۂ قرآن راجیس بلا شیئر (Ragis Blachere) نے کیا۔[45] سید رضوان علی ندوی[46] کا خیال ہے کہ "Le Saint Coran" کسی مسلمان عالم کا کیا ہوا پہلا فرانسیسی ترجمۂ قرآن کریم ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے خود اپنے مضمون "قرآن کریم کے فرانسیسی تراجم" میں قرآن کریم کے ۲۵ فرانسیسی تراجم کا ذکر کیا ہے۔[47] ان میں سے زیادہ تر نامکمل، غیر مطبوعہ اور آج عدم دستیاب ہیں لیکن ان میں سے آٹھ مکمل ہیں اور ڈاکٹر حمید اللہ کے ترجمۂ قرآن سے پہلے شائع ہو چکے تھے۔ ان میں سے دو مسلمان مترجمین کے کئے ہوئے تراجم قرآن کریم بھی تھے۔ سب سے پہلا مکمل فرانسیسی ترجمۂ قرآن جو شائع ہوا وہ "L' Alcoran de Mahomet" کے زیر عنوان 1647ء میں دوغیے نے کیا۔ یہ ڈاکٹر حمید اللہ کے فرانسیسی ترجمۂ قرآن سے ۳۱۲ برس پہلے کی بات ہے۔

سکاٹ لینڈ کا ایک عالم جس نے بے نام رہنے کو محفوظ اور قابل ترجیح سمجھا۔ اس نے دوغیے کے فرانسیسی ترجمۂ قرآن کو انگریزی میں ڈھالا۔ بے نام مترجم کا کیا ہوا یہ ترجمۂ قرآن 1649ء میں سامنے آیا۔ اس میں ناشر، پرنٹر، اور تقسیم کنندہ، کسی کا بھی نام نہیں تھا۔ کیونکہ کسی میں بھی یہ جرأت نہیں تھی کہ وہ ایسے خطرناک کام (قرآن کریم کے ترجمہ کی اشاعت) کے ساتھ اپنا تعلق ظاہر کرتا۔ الیگزینڈر راس نے اس ترجمۂ قرآن کا قاری سے تعارف

"(Needed Caveat) ضروری تنبیہ" کے زیرِ عنوان کرایا۔ قاری کے ذہن کو روشن کرنے کے بجائے اس کی زیادہ توجہ اپنی حفاظت کی طرف تھی۔[48] اپنے انگریزی ترجمۂ قرآن کریم میں اسلام سے متعلق اس کے کچھ ناگوار نظریات اس کے پہلے صفحے سے ہی واضح ہیں جو درج ذیل ہیں:

"The Alocran of Mahomet, Translated out of Arabick into French. By the Sieur du Ryer, Lord of Malezair, and Resident for the French King, at ALEXANDRIA. And Newly Englished, for the satisfaction of all that desire to look into the Turkish vanities. To which is prefixed, the Life of Mahomet, the Prophet of the Turks, and Author of the Alcoran. With a Needful Caveat, or Admonition, for them who desire to know what Use may be made of, or if there be danger in Reading the ALCORAN."[49]

"محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا القرآن، عربی سے فرانسیسی میں ترجمہ کیا گیا۔ محترم دوغیے کے قلم سے، میلزیر کے آقا، اسکندریہ میں فرانسیسی بادشاہ کے نمائندے، نئے انداز میں انگریزی ترجمہ، ان تمام لوگوں کی تسلی کے لیے جو ترکوں کی خود بینی کو دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس کے ساتھ القرآن کے مؤلف، ترکوں کے پیغمبر، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حالاتِ زندگی ملحق ہیں۔ ایک لازمی تنبیہ یا ملامت کے ساتھ، ان لوگوں کے لیے جو جاننا چاہتے ہیں کہ اس [کلام] کا کیا استعمال کیا جائے، یا یہ جاننا چاہتے ہیں کہ القرآن کو پڑھنے میں کوئی خطرہ تو نہیں۔"

الیگزینڈر راس (1590-1654ء) اسکاٹ لینڈ کا رہنے والا ایک زود نویس اور متنازع لکھاری تھا۔ وہ ایبرڈین (Aberdeen) میں پیدا ہوا اور 1604ء میں کنگز کالج ایبرڈین میں داخل ہوا۔ قریباً 1616ء میں وہ تھامس پارکر (Thomas Parker) کی جگہ ساؤتھیمپٹن کے فری سکول کا ہیڈ ماسٹر متعین ہوا۔ اس تقرری کی وجہ اس نے ہرٹ فورڈ کے نواب ایڈورڈ سیمور (Edward Seymour) کو قرار دیا۔[50] وہ 1634ء سے اپنی موت تک وِٹ (Wight) کے جزیرے میں کارس بروک (Carisbrooke) کا پادری رہا۔ اس نے بدقسمت بادشاہ چارلس اول (Charles I) کے نجی گرجے میں بھی پادری کے طور پر خدمات انجام دیں، جسے 1649ء کی خانہ جنگی میں ری پبلیکن پارٹی کے حامیوں نے قتل کر ڈالا تھا۔ آرچ بشپ لاؤڈ ___ (Laud) جسے کٹر لوگوں کی پارلیمان نے 1645ء میں سزائے موت دے دی تھی___ اس کے تعلق دار کی حیثیت سے، ہو سکتا ہے راس کچھ خوف کا شکار رہا ہو لیکن لگتا ہے کہ نئی حکومت نے اسے ستم گری کا نشانہ نہیں بنایا۔[51] 1641ء میں اس نے کہا کہ میں نے چھتیس سال تک مذہب کا مطالعہ کیا۔[52] وہ 1654ء میں بریمشل (Bramshill) کے مقام پر دنیا سے رخصت ہوا۔ جہاں وہ سر اینڈریو ھینلی (Sir Andrew Henley) کے ساتھ رہائش پذیر تھا۔ اس کے ہمسائے میں واقع ایورسلی

چرچ (Eversley Church) میں دو الواح ــــ ایک قربان گاہ سے متصل دیوار پر اور ایک تربت کے اوپر فرش پر ــــ اس کی یاد میں نصب ہیں۔[53]

راس کے سب سے اہم کارناموں میں سے ایک، جو اسی سال شائع ہوا جب بادشاہ کا سر تن سے جدا کیا گیا، وہ اس کے قلم سے نکلنے والا انگریزی زبان میں قرآن مجید کا مکمل ترجمہ تھا جس کا نام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا القرآن "L' Alcoran de Mahomet" تھا۔ اگرچہ اسے عربی زبان سے بالکل واقفیت نہیں تھی اور اس نے صرف ناقص انداز میں دوغیے کے فرانسیسی ترجمۂ قرآن کو انگریزی میں ڈھالا۔ اس نے انگریزی زبان میں پہلا ترجمۂ قرآن کیا اور اس کا اثر کچھ جدید تراجم میں ابھی بھی نظر آتا ہے۔

دوغیے کی طرح الیگزینڈر راس نے بھی اپنا ارادہ واضح طور پر سرورق میں بتا دیا۔ دونوں کا ماننا تھا کہ محمد ﷺ قرآن کریم کے مصنف اور ترکوں کے پیغمبر تھے۔ چونکہ اس وقت زیادہ تر مسلمان عثمانی سلطنت کے تحت رہتے تھے۔ اس لیے غلطی سے یہ سوچا گیا کہ محمد ﷺ صرف ترکوں کے پیغمبر تھے۔ حالانکہ مسلمان اپنی سلطنتوں میں ہندوستان اور ایران میں بھی قیام پذیر تھے۔ برطانیہ میں قرآن کریم کے ترجمے کا آغاز علمی ارادے سے نہیں بلکہ اسلام کو بدنام کرنے کے لیے تھا۔

کیونکہ فرانسیسی ترجمۂ قرآن کو بادشاہ لوئس چہار دہم کی سرپرستی حاصل تھی، شاید اسی لیے راس (جسے انگریز شہنشاہ چارلس اول (Charles I) کی سرپرستی حاصل تھی اور اسی شہنشاہ کی مہربانی سے اسے جزیرۂ وِٹ (Wight) میں کارس بروک (Carisbrooke) کے گرجے میں پادری کا عہدہ ملا) نے سوچا ہو کہ قرآن کریم کا ترجمہ کرنے سے شاید اسے بھی شاہی سرپرستی حاصل ہو جائے۔ جب راس نے اپنا ترجمۂ قرآن مکمل کیا تو بادشاہ مر چکا تھا۔ (۳۰ جنوری 1649ء کو اس کا سر قلم کر دیا گیا) اور انگلستان ایک جمہوریہ بن گیا۔ کرنل اینتھونی ویلڈن (Colonel Anthony Weldon) نے ریاستی مجلس کے سامنے درخواست پیش کی کہ "ترکوں کے القرآن" کی اشاعت پر پابندی لگائی جائے۔ راس نے قرآن کریم کا انگریزی میں جو ترجمہ کیا اسے مارچ 1649ء میں پریس بھیج دیا۔ لیکن ناشر کو گرفتار کر لیا گیا اور ترجمۂ قرآن کریم کے تمام نسخے ضبط ہو گئے۔ آخرِکار اس کے ترجمۂ قرآن کریم کی پہلی اشاعت 7 مئی 1949ء کو سامنے آئی۔[54]

الیگزینڈر راس کا انگریزی ترجمۂ قرآن مغرب میں مقبول ہو گیا۔ انگلستان سے اس کی دوسری اشاعت 1688ء میں سامنے آئی۔ اس کا متن پہلی اشاعت والا ہی تھا لیکن تعارفی مواد کو نئی ترتیب دی گئی تھی۔ پیغمبر اسلام کی سیرت والا مضمون اور قاری کے لیے تنبیہ (Caveat) جو پہلی اشاعت میں کتاب کے آخر میں لگائے گئے تھے اب انہیں

ابتداء میں رکھا گیا۔ کتاب کے آخر میں دی گئی تحریر کو تعارف بنا کر اس کی اہمیت کو بڑھا دیا گیا جس سے قاری کو وہ درست تناظر مہیا ہوا کہ اسلام کو کیسے جانا جائے۔

راس کے قلم سے چار جلدوں میں "القرآن مع تفسیر" (Alocran with Commentary) 1719ء میں سامنے آیا۔ اس کے جامع ہونے کی طرف اس کی ذیلی سرخی میں یوں اشارہ کیا گیا ہے:

"A complete History of the Turks, from their origin in the year 755, to the year 1718... To which are added, 1- Their Maxims of State and Religion, II-A Dictionary explaining the names and nature of their religious sects, civil and military offices, III-The life of their Prophet Mahomet, IV-The Alcoran, translated from the Arabic by the Sieur Du Ryer, and now English'd. 4 Vols, London, 1719."[55]

"ترکوں کی مکمل تاریخ، 755ء میں ان کے آغاز سے 1718ء تک۔۔۔ ان میں مزید شامل کئے گئے، I۔ ان کے ریاستی اور مذہبی اصول، II۔ ایک ایسی لغت جو ان کے مذہبی مسالک اور ان کے ناموں کی وضاحت کرتی ہے، شہری اور فوجی عہدے، III۔ ان کے پیغمبر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حالات زندگی، IV۔ القرآن، محترم دوغیے کا کیا ہوا عربی سے [فرانسیسی] ترجمہ، اور اب انگریزی میں۔ چار جلدیں، لندن، 1719ء۔"

نصف صدی کے بعد اور بحر اوقیانوس کے اس پار راس کا ترجمۂ قرآن کریم 1806ء میں ایک مرتبہ پھر شائع ہوا۔ قرآن کریم کی "پہلی امریکی اشاعت" (جیسا کہ سرورق پر اشتہار میں لکھا گیا) دو دستیاب انگریزی تراجم قرآن میں سے یہ زیادہ خراب تھا۔ اس ترجمۂ قرآن کا متن یسعیاہ تھامس جونیئر (Isiah Thomas Jr. – 1819-1773) نے شائع کیا۔ جو بوسٹن اور نئے انگلستان کے دوسرے شہروں میں کتب فروشی کے ساتھ جنتریاں شائع کرتا تھا۔ تھامس نے زیریں حواشی کا اضافہ کیا۔ بعض مقامات پر اس نے راس کے جانبی حواشی کو زیریں حواشی بنا دیا اور کچھ مقامات پر اس نے انہیں سرے سے ہی ختم کر دیا۔ اس نے راس کا تمام تعارفی اور آخر پر دیا جانے والا مواد بھی ختم کر دیا۔ اس میں "قارئین کے لیے (To the Readers)" کے زیرِ عنوان ایک مختصر خطاب ہے، جس میں کچھ درست معلومات شامل ہیں جن کا راس نے ذکر نہیں کیا تھا۔ لیکن اس مقدمے کا لب و لہجہ منفی ہے اور اس میں راس کے مخالفانہ رویے کے نقوش موجود ہیں۔[56]

"اپنے عیسائی قاری کے لیے مترجم کا بیان" (The Translator to the Christian Reader) کے زیر عنوان اپنے پیش لفظ میں راس نے اپنے مقاصد کی وضاحت یوں کی ہے:

"Viewing thine enemies in their full body, thou mayst the better prepare to encounter."

"اپنے دشمنوں کو پوری طرح دیکھتے ہوئے آپ زیادہ اچھے طریقے سے مقابلے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔"

اس کا مقصد مسلمانوں کی محترم کتاب کا مکمل علم حاصل کرنے کے بعد انہیں شکست دینا تھا۔[57] قرآن کریم کے خلاف اس کے تعصب کو درج ذیل بیان سے دیکھا جاسکتا ہے:

"Thou shalt finde it of so rude, and incongruous a composure so farced with contradictions, blasphemies, obscene speeches, and ridiculous fables, that some modest, and more rational Mahometans have thus excused it; that their Prophet wrote an hundred and twenty thousand saysings, whereof three thousand only are good, the residue are false and ridiculous."[58]

"آپ اسے نفاست سے بہت زیادہ عاری پائیں گے، اور بہت زیادہ مضحکہ خیز فرضی واقعات پر مبنی ایک بے جوڑ تحریر جس میں تضادات، مذہبی بے حرمتیاں، ناگوار تقاریر اور مضحکہ خیز خیالی کہانیاں ہیں، کہ کچھ شائستہ اور زیادہ عقلیت پسند مسلمانوں نے اس بات پر معذرت کی ہے کہ ان کے پیغمبر نے ایک سو بیس ہزار اقوال لکھے جن میں سے صرف تین ہزار اچھے ہیں، باقی ماندہ [نعوذ باللہ] جھوٹے اور مضحکہ خیز ہیں۔"

اس نے قرآن کریم کے خلاف بہت زیادہ توہین آمیز زبان استعمال کی اور پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کو بدنام کرنے کی کوشش کی۔ ترجمۂ قرآن کریم کے ساتھ درج ذیل مضامین ملحق ہیں:

1) عیسائی قارئین کے لیے مترجم کا بیان
2) قارئین کے لیے فرانسیسی مراسلہ
3) ترکوں کے مذہب کا ایک خلاصہ
4) ترکوں کے پیغمبر، اور القرآن کے مصنف محمد [ﷺ] کی زندگی اور وفات
5) ان لوگوں کے لیے ایک لازمی تنبیہ یا ملامت جو جاننا چاہتے ہیں کہ اس قرآن کا کیا استعمال ہو سکتا ہے۔ یا اگر القرآن کے مطالعے میں کوئی خطرہ ہو۔ منجانب الیگزینڈر راس۔

راس کے ترجمۂ قرآن کریم میں قرآنی سورتوں کے ناموں کے ترجمے سے ظاہر ہوتا ہے کہ بہت سے ناموں کو دوغیے سمجھنے سے قاصر رہا، نتیجتاً راس بھی انہیں نہ سمجھ سکا۔ نیچے دی گئی جدول میں راس اور پکتھال کے تراجم قرآن میں سے سورتوں کے ناموں کے تراجم کا تقابلی جائزہ لیا گیا ہے۔

پکتھال	English Title by Pickthall	راس-Ross	English Title by Ross	سورت کا نام	نمبر
عمران کا خاندان	The Family of Imran	جواشم کی نسل	TheLineage of Joachim	آل عمران	۳
چوپائے	Cattle	خوشیاں	Gratifications	الانعام	۶
بلندیاں	The Heights	قید خانے	Prisons	الاعراف	۷

نمبر	سورت کا نام	English Title by Ross	راس-Ross	English Title by Pickthall	پکتھال
۸	الانفال	The Spoil	مال غنیمت	Spoils of War	جنگ سے حاصل ہونے والی غنیمت
۹	التوبۃ	Conversion	رجوع (الی اللہ)	Repentance	(گناہ سے) پچھتاوا
۵	الحجر	Hegir	حجر	Al-Hijr	الحجر
۰	طٰہٰ	Beautitude and Hell	بشارتیں اور دوزخ	Ta-Ha	طٰہٰ
۲۵	الفرقان	The Alcoran	القرآن	The Criterion	معیار
۲۷	النمل	The Pismire	چیونٹی	The Ant	چیونٹی
۲۸	القصص	History	تاریخ	The Story	کہانی
۳۰	الروم	The Grecians	قدیم یونانی	The Roman	رومی
۳۲	السجدہ	Worship	عبادت	The Prostration	سجدہ
۳۳	الاحزاب	Banks, & Troops of Soldiers	فوجیوں کے دستے اور لشکر	The Clans	قبیلے
۳۶	یٰسٓ	Intituled	تسمیہ کی	Ya-Sin	یٰسٓ
۳۷	الصافات	Orders	درجے	Those Who Set the Ranks	وہ جنہوں نے درجے بنائے
۳۸	صٓ	Truth	سچائی	Sad	صٓ
۴۱	فصلت	Exposition	شرح	They are Explained	انہیں وضاحت کی گئی
۴۵	الجاثیہ	Genuflexion	تعظیم دینا	Crouching	پنجوں کے بل بیٹھنا
۴۶	الاحقاف	Hecaf	حِقاف	The Wind-Curved Sandhills	آندھی کی زد میں ریت کے ٹیلے
۴۷	محمد	The Combat	مبارزت	Muhammad	محمد
۴۹	الحجرات	Inclosures	حدبندیاں	The Private Apartments	ذاتی مکانات
۵۰	ق	The Things judged	وہ چیز جس کا جائزہ لے لیا گیا	Qaf	ق
۵۱	الذاریات	The Things dispersed	چیزیں جو منتشر ہو گئیں	The Winnowing Winds	چلنے والی ہوائیں
۶۰	الممتحنۃ	Tryal Examined	مقدمہ جانچا گیا	She Who is to be Examined	وہ خاتون جس کو جانچا گیا
۶۱	الصّف	Array	صف آرائی	The Ranks	درجے

پکتھال	English Title by Pickthall	راس-Ross	English Title by Ross	سورت کا نام	نمبر
عبادت کے لیے جمع ہونے والے لوگ	The Congregation	اجتماع	The Assembly	الجمعہ	۶۲
منافقین	The Hypocrites	خبیث	The Wicked	المنافقون	۶۳
ایک دوسرے کو فریب نظر سے نکالنا	Mutual Disillusion	اخفائے حقیقت	Deciet	التغابن	۶۴
اقتدار اعلیٰ	The Sovereignty	سلطنت	Empire	الملک	۶۷
حقیقت	The Reality	تصدیق	Verification	الحاقہ	۶۹
جن	The Jinn	شیاطین	Devels	الجن	۷۲
لپٹا ہوا	The Enshrouded	خوف زدہ	The Fearful	المزمل	۷۳
خصوصی مقصد کے لیے روانہ کئے جانے والے عہدے دار	The Emissaries	انہیں جنہیں بھیجا گیا	Them that are sent	المرسلات	۷۷
اس نے تیوری چڑھائی	He Frowned	نابینا	The Blind	عبس	۸۰
مغلوب کرنا	The Overthrowing	گولائی	Roundness	التکویر	۸۱
پھاڑ دینا	The Cleaving	جنت کا دروازہ	Openning of Heavens	الانفطار	۸۲
ستاروں کی منازل	The Mansions of the Stars	آسمانی نشانی	The Sign Celestial	البروج	۸۵
مغلوب کرنے والا	The Overwhelming	ڈھانپنے والی	The Covering	الغاشیہ	۸۸
واضح ثبوت	The Clear Proof	ہدایت	Instruction	البینہ	۹۸
راستے	The Courses	گھوڑے	Horses	العادیات	۱۰۰
آفت	The Calamity	آزار	Affliction	القارعۃ	۱۰۱
ڈھلتا ہوا دن	The Declining Day	شام (کا وقت)	The Evening	العصر	۱۰۳
بد گو	The Traducer	ستم رانی	Persecution	الھمزۃ	۱۰۴
چھوٹی مہربانی	Small Kindness	قانون	The Law	الماعون	۱۰۷
کامیابی	Triumph	حفاظت	Protection	النصر	۱۰۰
خلوص	The Sincerity	نجات	Salvation	الاخلاص	۱۱۲
پو پھٹنا	The Daybreak	علیحدگی	Separation	الفلق	۱۱۳
عالم انسانیت	Mankind	لوگ	The People	الناس	۱۱۴

دوغیے اور راس نے قرآن کریم کی کچھ سورتوں کے شروع میں آنے والے حروف مقطعات کا ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ یہ ترجمہ نہیں ہے کیونکہ یہ خفیہ حروف ہیں جن کا کسی بھی زبان میں ترجمہ نہیں ہو سکتا۔ ان حروف کے جو معانی ان مترجمین نے بتائے ہیں وہ صرف اٹکل پچو ہیں۔ مسلمان اور بعد کے مستشرقین نے حروف

مقطعات کو بلاترجمہ چھوڑ دیا ہے۔ درج ذیل جدول میں کوشش کی گئی ہے کہ راس نے جس طرح تمام حروف مقطعات کے معانی بتائے ہیں انہیں جمع کر دیا جائے۔

نمبر شمار	حروف مقطعات	سورۃ کا نمبر	Rendering by du Ryer and Ross	اردو ترجمہ
۱	الم	۲، ۳، ۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۲	I am the most wise God[59]	میں سب سے زیادہ سے زیادہ عقل مند معبود ہوں۔
۲	المص	۷	I am God, the most wise, the most true[60]	میں خدا ہوں، سب سے زیادہ عقل مند، سب سے زیادہ سچا۔
۳	الر	۱۰،۱۱، ۱۲، ۱۴، ۱۵	I am the merciful God [61]	میں مہربان خدا ہوں۔
۴	المر	۱۳	I am the most wise and merciful[62]	میں سب سے زیادہ عقل مند اور رحم کرنے والا ہوں۔
۵	کھیعص	۱۹	God is the rewarder, conductor of (The Righteous), liberal, wise, true[63]	خدا بدلہ دینے والا ہے، (نیکوں کی) رہنمائی کرنے والا، فیاض، عقل مند، سچا
۶	طٰہٰ	۲۰	Beatitude and Hell[64]	بشارتیں اور دوزخ
۷	طسم	۲۸،۲۶	God is most pure, he understandeth all things, he is the most wise[65]	خدا سب سے پاک ہے، وہ تمام باتوں کو سمجھتا ہے، وہ سب سے زیادہ عقل مند ہے۔
۸	طس	۲۷	God is most pure, he understandeth all[66]	خدا سب سے زیادہ پاکیزہ ہے، وہ ہر بات کو سمجھتا ہے۔
۹	یٰسٓ	۳۶	Oh man![67]	اے انسان!
۱۰	ص	۳۸	Truth[68]	سچائی
۱۱	حم	۴۰، ۴۱، ۴۳، ۴۴، ۴۶،۴۵	God is prudent and wise[69]	خدا دور اندیش اور عقل مند ہے
۱۲	حمعسق	۴۲	God is prudent, wise, majestick. He understandeth all	خدا دور اندیش ہے، عقل مند ہے، شان والا ہے، وہ ہر بات کو سمجھتا ہے اور قادر

نمبر شمار	حروف مقطعات	سورۃ کا نمبر	Rendering by du Ryer and Ross	اردو ترجمہ
			things and is omnipotent and wise[70]	مطلق اور عقل مند ہے۔
